پندرہ روزہ

الہلال

ٹورانٹو - کینیڈا

۱۵ جمادی الثانی ۱۴۰۱ھ — ۱۷ اپریل ۱۹۸۱ء

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان - شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد : ۱ — شمارہ : ۳

رجم کے بارے میں شرعی عدالت کا فیصلہ قرآن و سنت کے منافی ہے ممتاز علمائے دین

زنا پر سنگساری کا حکم ناقابلِ انکار دلائل سے ثابت ہے اور ۱۴ سو سال سے ہر فقہی مسلک کے تمام مسلمان اسے طے شدہ اسلامی حکم مانتے آئے ہیں۔ فیصلہ انتہائی افسوسناک ہے

حیرت ہے جس عدالت نے اب تک مروجہ قوانین میں سے کسی ایک قانون کو منافی اسلام قرار نہیں دیا اس نے ایک مسلّمہ اسلامی قانون کو خلافِ اسلام قرار دے ڈالا

موجودہ ججوں کی بجائے قرآن و سنت کا وسیع علم رکھنے والے علماء کو جج بنایا جائے

جنوری میں پی آئی اے کے عملے کی تنخواہ زکوٰۃ کی رقم سے ادا کی گئی

مالی بحران پر قابو پانے کیلئے ۲۰ کروڑ روپے کی فاضل پرزہ جات فروخت کرنے کا فیصلہ

موجودہ حکومت معاشرہ کو مکمل طور پر اسلامی بنانے تک برسرِ اقتدار رہے گی جنرل ضیا

اسلامی نظام کے نفاذ کے عمل میں عوام کو شریک کرنے کے لئے مجلسِ شوریٰ قائم کی جا رہی ہے

قیوم لیگ پگارا مسلم لیگ میں شامل نہیں ہوگی

طیارے کے اغوا اور ڈی سی مناکی آتش زنی کے وقت

اہم ڈیوٹیوں پر متعین پی آئی اے کا عملہ ملک سے فرار ہو گیا!

مفرور لوگوں کا تعلق ایک مخصوص یونین سے ہے، تحقیقاتی ٹیمیں لندن سے سیر تیز جا رہی ہیں!

افغانستان کا مسئلہ

غیر ممالک میں مقیم پاکستانیوں

یحییٰ بختیار کو مشترکہ کے مقابلہ

جمعیت علماء اسلام اندرونی خلفشار کی وجہ سے نئے اتحاد میں شمولیت کے بارے میں فیصلہ نہیں کر سکی

حسینہ واجد بنگلہ دیش کو بھارت کا حصہ بنانا چاہتی ہیں

شیخ مجیب الرحمٰن کی بیٹی حسینہ واجد

حکومت بھارت واقعی اس وقت حیران اور پریشان ہے کہ بنگلہ دیش عوامی لیگ کا پہلا اجلاس دہلی میں ہونا چاہیے تھا یا نہیں یہ سفارتی آداب کی خلاف ورزی تو نہیں پھر یہ بھی کہ بنگلہ دیش حکومت کا اس معاملہ میں کیا ردعمل ہو۔

بنگلہ دیش عوامی لیگ کا پرزور مطالبہ ہے کہ ان ...

باہر رہنے والے پاکستانی وطن کے بارے میں کیا سوچ رہے ہیں؟

ڈاکٹر مظفر علی خان ملک

گذشتہ دنوں راقم الحروف پاکستان ...

عوامی تحریک بحالی جمہوریت سے علیحدہ ہو گئے

تحریک رہنما ملک دشمن عناصر کی پشت گردی ... آئندہ لائحہ عمل پر غور کریں

اسلام آباد ... آزاد کشمیر کے سابق صدر اور آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کے رہنما سردار محمد عبدالقیوم خان نے خود کو تحریک بحالی جمہوریت سے الگ کر لیا ہے ...

برطانیہ میں اردو کے فروغ کے لئے اردو مرکز کا قیام

تھرڈ ورلڈ فاؤنڈیشن کے تحت مرکز کا لندن میں دار المطالعہ قائم ہو گیا

ہمیں ہدایات دینے کا کسی ملک کو حق حاصل نہیں

اقتصادی مشکلات فوج کی ضروریات پوری کرنے میں آڑے نہیں آسکیں گی

شیخ عبداللہ کی حکومت ناکام ہوگئی ہے اندرا گاندھی

ہم پاکستان کو دینے والے اسلحے سے نہیں ڈرتے بھارتی عوام متحد ہو جائیں

کراچی میں اسلحہ کا خفیہ کارخانہ پکڑا گیا

تینوں موقع ملتے ہی ملک سے فرار ہو جائیں گی

ہم نے اندرا گاندھی کو مشورہ دیا ہے کہ مسئلہ کشمیر ختم کرنے کے لئے پہلے قدم کے طور پر بھارتی کشمیر کے تین حصے کر دیئے جائیں

نصرت بھٹو، بے نظیر اور صنم پاکستان میں نہ ہوتیں تو میں مینار پاکستان سے لیکر مزار جناح تک مرچیز بھسم کر دیتا مرتضیٰ

سے گا (راشد خان) دنیا سے رابطہ توڑنے کے بعد ان کی بہن تصویر غم بنی بیٹھی ہیں ۔ (جنگ فوٹو)

حسینگا کی موت کی خبر ایپریل فول نہ بن سکی

جاوید میاں داد کی مس سہگل سے شادی

کراچی —— پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان جاوید میاں داد نے اچانک شادی کا اعلان کر کے ... مس سہگل سے شادی کر لی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ جاوید میاں داد اور مس سہگل کی شادی کی تقریب خفیہ طور پر پچھلے دنوں کراچی میں ہوئی

WANTED

A Muslim Butcher

A Zabiha meat shop in Toronto urgently needs an experienced Butcher.

Please call Zain at:

Phone: (416)630-2540

ایلس انٹرنیشنل
سارے شمالی امریکہ میں ایک جانا پہچانا نام

ہم ۲۲۰ وولٹ کے تمام اپلائنسز مثلاً فریج، ٹی وی، ایرکنڈیشنر، ریڈیو ریکارڈر اور واشنگ مشین کے علاوہ گیس کے چولہے بھی یورپ سے براہ راست کراچی بھجواتے ہیں۔
کینیڈا میں فلپس کے واحد منظور شدہ ڈیلر

پچھلے ۔ سال سے
آپ کی خدمت کرنے والے



AALICE INTERNATIONAL
20 Grand River Court
Bramalea, Ont., L6S 2J8
Tel: [416] 791-8496

Please Visit For

Halal Meat & Spices

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں
ٹورانٹو میں حلال گوشت کی
پہلی دوکان

AFRO ASIAN

918 PAPE AVENUE
TORONTO

ہندوستانی اور پاکستانی فلموں کی ویڈیو ٹیپس اور مشینیں کرایہ پر دستیاب ہیں۔ آج ہی فون کیجئے

PHONE: 463-1287

مشرقی افریقہ کے ایشیائیوں کو برطانیہ میں آباد ہونے کا حق دینے کا مطالبہ مُسترد

لندن — ٹوری حکومت نے برطانیہ سے باہر رہنے والے ان افراد کو جن کے پاس برطانوی پاسپورٹ ہیں۔ برطانیہ میں آباد ہونے کا حق دینے کے مطالبے کو مسترد کر دیا ہے۔ [illegible]

یورپ میں تارکین وطن پاگل پن کا شکار ہو رہے ہیں

[illegible]

دلیپ کمار، سائرہ بانو اور زینت امان پاکستان آئیں گے

[illegible]

تیسری اسلامی سربراہ کانفرنس پر جاری کردہ ڈاک ٹکٹ

انسانی ہڈیوں کے سوداگر

دہلی — [illegible]

۵ طلباء کو ایک ایک سال قید کی سزا

[illegible]

دلہنوں کی تلاش میں

[illegible]

Parents Getting Together

والدین کی کانفرنس

کینیڈا کی تاریخ میں پہلی بار کوئی تین سو ساؤتھ ایشین والدین اس کانفرنس کے لیے جمع ہو رہے ہیں تاکہ وہ تعلیم اور کمیونٹی کی تشویش کا باعث ہونے والے موضوعات پر بات چیت کر سکیں۔

والدین اور ماہرین تعلیم کا موضوع بحث حسب ذیل ہو گا:

ہوم ورک	کرکلکس کلاس (KU KLUX KLAN)
نصاب تعلیم	بائی وسکول
مطالعہ	مادری زبانیں
نسلی تعصب	ملازمت

اس کانفرنس میں ورکشاپ، دوپہر کا کھانا، آپ کے بچوں کے لیے ڈے کیئر، چائے پانی، تفریح، تعلیمی اشیاء کے ساتھ ساتھ ہندی، پنجابی، اردو اور دوسری زبانوں میں ترجمہ کا انتظام ہو گا۔

اگر آپ کو ۱۰ اپریل تک ڈاک سے رجسٹریشن فارم نہیں ملا ہو تو اس نمبر پر فون کر کے فارم منگوا لیجیے 598-4931, Ext. 346

ساؤتھ ایشین والدین کی تعلیم پر پہلی کانفرنس

FIRST CONFERENCE OF
SOUTH ASIAN PARENTS
ON EDUCATION

۱۹۴۷ء ۔ کچھ یادیں ۔۔۔ کچھ واقعات ۔۔۔

از: محمد اقبال

ہوشیار پور میں مزاحمت کی ایک رات

بچے کی چیخ اس قدر دلدوز تھی کہ مسلمان تڑپ گئے



پندرہ درندوں کی بربریت کا نشانہ بننے والی لڑکی کی زبان پر آخری لمحوں میں بھی پاکستان کا نام تھا۔

[illegible]

چہرے بے نقاب کر دیے گئے

وفاقی ۲۵ افراد جنہیں ھائی جیکر رھا کرانا چاہتے تھے

[illegible]

امریکہ سے فوجی امداد کی بات چیت کا ابھی کوئی نتیجہ نہیں نکلا

پاکستان حصول اسلحہ کی کوشش میں کسی کی مداخلت برداشت نہیں کرے گا

[illegible]

پاکستان اور متحدہ عرب امارتوں کے درمیان براہ راست ٹیلی فون رابطہ

اسلام آباد ۔ ریڈیو رپورٹ ۔ آج صبح سے پاکستان اور متحدہ عرب امارتوں کے درمیان براہ راست ٹیلی فون رابطہ قائم ہو گیا ۔ متحدہ عرب امارتوں کے وزیر مواصلات سعید ملا نے آج پاکستان کے وزیر مواصلات محی الدین بلوچ کو ٹیلی فون کیا ۔ انہوں نے اس رابطہ کے موقع پر تہنیت کا اظہار کیا کہ اس رابطے سے دونوں ملکوں کے عوام ایک دوسرے سے اور قریب آ جائیں گے ۔

ڈھائی لاکھ مسلمان فرانس سے نکال دیے جائیں گے

پیرس ۔ تقریباً ڈھائی لاکھ مسلمان جن کا تعلق تیونس ، الجیریا سے ہے اور جو فرانس میں کام کرتے ہیں فرانس سے نکال دیے جائیں گے ۔ یہ لوگ مزدور اور تجربہ کار کی حیثیت سے برسوں سے فرانس میں کام کر رہے ہیں ۔ فرانس کی پارلیمنٹ ۔۔۔ [illegible]

حکومت کے مخالف ڈاکٹر کی آنکھیں نکال لی گئیں اخوان کا قتل عام جاری ہے

ایک لاکھ کی آبادی کے شہر کو تباہی کا سامنا ۔ مغربی جرمنی میں پناہ لینے والے شامی عالم دین کا بیان

[illegible]

Ontario's Tax Grants for Senior Citizens. 1981 installments have been mailed.

سنہ ۱۹۸۱ء کی قسطیں ڈاک سے بھیجی جا چکی ہیں ۔

معمر شہریوں کے لیے انٹاریو کی ٹیکس گرانٹس

پچھلے برس انٹاریو نے معمر شہریوں کے ٹیکس کریڈٹس سسٹم کو پراپرٹی اور سیلز ٹیکس گرانٹس کے نئے پروگرام میں بدل دیا ۔ ۵۰۰ ڈالر تک کی جائیداد ٹیکس کی گرانٹ ہر سال دو قسطوں میں دی جاتی ہے ۔ ۵۰ ڈالر تک کی ٹیکس گرانٹ انٹاریو کے ۶۵ سالہ اور اس سے زائد عمر والوں کو ہر سال خود بخود ادا کی جاتی ہے ۔

پراپرٹی ٹیکس گرانٹس :

○ اگر آپ ۶۵ سالہ یا اس سے زائد عمر کے ہیں اور مکان کے مالک ہیں یا مکان کرایہ پر دیا ہوا ہے تو آپ ۵۰۰ ڈالر تک پراپرٹی ٹیکس گرانٹ کے حقدار ہیں ۔

اگر آپ کسی نرسنگ ہوم میں رہتے ہیں یا معمر لوگوں کے کسی ادارے میں رہتے ہیں تو پھر آپ پراپرٹی ٹیکس گرانٹس کے حقدار نہیں ہیں ۔ تاوقتیکہ آپ اپنی دیکھ بھال کا پورا خرچ خود نہ اٹھائیں اور آپ کو رکھنے والا ادارہ میونسپل اور اسکول ٹیکس نہ ادا کرے ۔

○ درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہے ۔ اگر آپ پچھلے سال پراپرٹی ٹیکس گرانٹ کے اہل تھے تو آپکو خود بخود اپریل کی قسط مل چکی ہوگی ۔ یہ چیک جو زیادہ سے زیادہ ۲۵۰ ڈالر کا ہوگا پچھلے سال کی گرانٹ کا نصف ہوگا ۔ آپ کا اپریل کی قسط کا چیک ۱۷ اپریل کو ڈاک سے بھیجا گیا ہے ۔ یہ اسلئے کہ آپ کو پراپرٹی ٹیکس اور سنہ ۱۹۸۱ء کے کرایہ کے پہلے حصے کی ادائی میں مدد ملے ۔ خزاں کے موسم میں آپ کو خود بخود ایک فارم ملے گا تاکہ آپ اپنی گرانٹ کو متوازن رکھ سکیں ۔

○ اگر آپ دسمبر ۳۱ سنہ ۱۹۸۰ء کے بعد ۶۵ سال کے ہوئے ہوں یا اسلئے پچھلے سال کی گرانٹ کے حقدار نہ تھے تو آپ کو اپریل کی قسط نہیں ملے گی ۔ لیکن موسم خزاں میں آپکو درخواست کا فارم مل جائے گا جو سنہ ۱۹۸۱ء کی پوری گرانٹ کے لیے ہوگا ۔

سیلز ٹیکس گرانٹس :

سالانہ ۵۰ ڈالر گرانٹ ہر معمر شہری کو خود بخود دی جاتی ہے ۔ آپکو سنہ ۱۹۸۱ء کی سیلز ٹیکس گرانٹ اس سال موسم خزاں میں ملے گی ۔

خاص نوٹ :

اگر آپ ۶۵ سالہ یا اس سے زائد عمر کے ہیں اور آپ کو فیڈرل اولڈ ایج سیکیورٹی پنشن نہ ملتی ہو تو ہمارے معلوماتی سنٹر پر مفت فون کر کے تفصیلات معلوم کیجیے ۔

● ٹیرونٹو میٹرو ایریا میں 965-8470 پر

● ایریا کوڈ 807 میں آپریٹر سے Zenith-8-2000 مانگیے

● دوسرے تمام علاقوں میں 1-800-268-7121 ڈائل کیجیے ۔

Ministry of Revenue
Ontario

پندرہ روزہ
الہلال
ٹورانٹو کینیڈا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ
سن رکھو جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف ہوگا نہ غم (یونس)

تاجداری کا خواب ۔ ان کا تصور پاکستان!

معاصر عزیز جنگ کی ایک اطلاع کے مطابق میر مرتضیٰ بھٹو نے ماہنامہ دارا کے رکن ملک جیکو سلواکیہ کے دورے کے دوران ایک ریڈیو انٹرویو میں کہا ہے کہ اگر میری والدہ نصرت بھٹو اور بہن بے نظیر اور صنم پاکستان میں نہ ہوتیں تو میں مینار پاکستان سے لے کر مزار قائد تک ہر چیز کو بھسم کر دیتا۔ میں نے ان کو اشارہ دے دیا ہے کہ وہ پاکستان سے نکلنے کی فکر کریں۔ مجھے امید ہے کہ موقع ملتے ہی وہ تینوں ملک سے فرار ہو جائیں گی۔ اس کے بعد میں اپنا کام بلا جھجک کرسکوں گا۔ خالصتہ پیپلز پارٹی کے جو لیڈر اور کارکن پاکستان سے فرار ہوں گے اور ہمارے ساتھ کام کرنا چاہیں گے ہم انہیں کسی بھی مرحلے پر دربدر کی ٹھوکریں کھانے کے لیے نہیں چھوڑیں گے اور ان کی ہر طرح سے معاونت اور دلجوئی کریں گے۔ ایک سوال کے جواب میں مرتضیٰ بھٹو نے کہا پارٹی کی قیادت میری ماں کے پاس ہے، بہن کے پاس ہے یا میرے پاس مجھے اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ تاہم کسی مناسب موقع پر میری ماں میرے حق میں پارٹی کی قیادت سے دستبردار ہو جائیں گی۔

یہ ہے جوہر پاکستانی اور خصوصاً ان پیپلز پارٹی والوں کے لیے چشم کشا ہے جنہوں نے اپنی حب الوطنی کی قیمت پر پیپلز پارٹی کی رکنیت یا اس سے کسی طور کی وابستگی اختیار کی تھی۔ میر مرتضیٰ بھٹو کے الفاظ کہ "اگر میری ماں اور بہنیں پاکستان میں نہ ہوتیں تو میں مینار پاکستان سے مزار قائد تک ہر چیز کو بھسم کر دیتا" بھٹو خاندان کے افراد کی اصل سوچ کے مظہر ہیں ان کے لیے صرف اپنی سلامتی اپنا اقتدار مقدس ہے۔ اپنی سلامتی کی ضمانت ہو اور اپنے اقتدار کے نہ ہونے کا یقین ہو تو پاکستان کی ہر چیز برباد کر دینے کے لائق ہے۔ والدہ اور دو بہنوں کے سوا کوئی چیز زندگی انہیں عزیز نہیں۔ خاندان دو بہنوں کے سوا ان کی کوئی بہن یہاں رہتی ہے اور نہ اپنی ماں کے سوا کوئی دوسری ماں۔ پھر یہ کہ برباد کرنے کے لیے انہوں نے جو دو سرے متعین کیے ہیں وہ اصلاً تصور پاکستان ہی کی علامتیں ہیں۔ خدانخواستہ پاکستان نہ ہو تو مینار پاکستان اور مزار قائد کی کوئی اہمیت نہیں ہوگی۔ ان کا وجود اور ان کی اہمیت پاکستان کے وجود اور تصور سے ہے۔ بربادی کے علاقے کے حدود کے لیے ان دو علامتی مقامات کا ذکر ظاہر کرتا ہے کہ بنیادی نفرت پاکستان کے تصور اور وجود سے ہے کیونکہ پاکستان کا تصور اور وجود ہی تو ان کے موروثی اقتدار کے حصول کی راہ میں حائل ہے۔ پاکستان کا نظریہ اور قائد اعظم علیہ رحمتہ کے ارشادات پاکستان میں ہر طرح کی شخصی، خاندانی آمریت اور موروثی حکومت کے خلاف کھلے اعلان بغاوت کا درجہ رکھتے ہیں۔

بھٹو خاندان کی سوچ کا ایک پس منظر یہ بھی ہے کہ مرتضیٰ بھٹو کے والدین اور خود مرتضیٰ بھٹو اور ان کی بہنوں کی زندگی کا بیشتر حصہ پاکستان سے باہر گزرا۔ انہوں نے ہوش سنبھالنے کے بعد خود کو حصول تعلیم کے لیے یورپ اور امریکہ میں پایا۔ وہاں کی قدار وہاں کا ماحول ان کا طرز فکر ان کی زبان رہن سہن ان کی بود و باش ان کے لیے پاکستان اور آزاد [illegible] ماحول، فکر، ذہن اور اصول بود و باش سے زیادہ دلچسپ، دلپذیر اور فطری ہیں۔ انہیں اپنی تعلیم میں نو شاہ لطیف بھٹائی کی [illegible] [illegible] اقبال کی [illegible] سے آشنائی ہوئی۔ [illegible] [illegible] زندگی گزاری۔ [illegible] [illegible] [illegible] ان کے دلوں میں [illegible] [illegible] [illegible] لوگ سامنے آئے وہ انہیں قریب سے دیکھنے کا موقع ملے تو پاکستان کی سیاست میں بھٹو خاندان کے بیٹے بڑے امکانات ہیں چنانچہ مفتہ رفتہ مرحوم جیزان کے ذہنوں میں راسخ ہو گئے کہ وہ اس پوری ریاست کے نواب ہیں۔ چنانچہ ان سر پھرے بچوں کے باپ کی موت نے اقتدار سے محرومی اس تاثر کو تقویت دی کہ پاکستان بھٹو خاندان کی لغت اور جاگیر ہے۔ یہ ہوائے ہیں کہ وہ نہ رہیں تو پاکستان ان کے لیے ناقابل برداشت ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ خون میں حب الوطنی ہو تو وقت رہتے ہیں جب وطن میں رہ کر اپنے تعلیم اصولوں تہذیب اور معاشرت کی چھاپ گہری ہو اور ملک و وطن کی خوشبو (تہذیب) کی تڑپ بھی ہو۔ بچے سب کچھ عزیز رکھا جا رہا ہو وہ سارے کے سارے اپنے ساتھ حب الوطنی نہیں لا سکتا۔ حب الوطنی



قیامت کے دن نبی اکرمؐ
کن لوگوں کی شفاعت فرمائیں گے

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ

سوال:- اہل سنت کا عقیدہ شفاعت کے بارے میں کیا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی امت کی شفاعت کس حیثیت سے کریں گے اور کیا وہ ساری امت کی طرف سے شفیع ہوں گے۔

جواب:- اسلامی عقیدہ بشہادت قرآن و حدیث کی رو سے یہ ہے کہ قیامت کے روز اللہ تعالیٰ کی عدالت میں شفاعت صرف وہ کر سکے گا جس کو اللہ اجازت دے۔ ملاحظہ ہو:- یَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَرَضِیَ لَهُ قَوْلًا۔ "وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗ اِلَّا لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ"، "مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗ اِلَّا بِاِذْنِهٖ" اس قاعدے کے تحت نبی صلی اللہ علیہ وسلم آخرت میں یقیناً شفاعت فرمائیں گے مگر یہ شفاعت اللہ کے اذن سے ہوگی اور ان اہل ایمان کے حق میں ہوگی جو اپنی حد وسعت تک نیک عمل کرنے کی کوشش کے باوجود کچھ گناہوں میں آلودہ ہو گئے ہوں۔ جان بوجھ کر خیانتیں اور بدکاریاں کرنے والے اور کبھی خدا سے نہ ڈرنے والے لوگ حضورؐ کی شفاعت کے مستحق نہیں ہیں چنانچہ حدیث میں حضورؐ کا ایک طویل خطبہ مروی ہے جس میں آپ نے جرم خیانت کی شدت کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ قیامت کے روز یہ خائن لوگ اس حالت میں آئیں گے کہ ان کی گردن پر ان کا مال لدا ہوگا اور وہ مجھے پکاریں گے کہ "یا رسول اللہ! اغثنی" (یا رسول اللہ میری مدد فرمایئے) مگر میں جواب دوں گا کہ "لا املک لک شیئا قد ابلغتک" یعنی میں تیرے لیے کچھ نہیں کر سکتا میں نے تجھ تک خدا کا پیغام پہنچا دیا تھا۔ ملاحظہ ہو مشکوٰۃ، باب قسمت الغنائم، الغلول فیہا۔ (رسائل و مسائل۔ جلد دوم)

نماز کا مسنون طریقہ

سوال:- میں پہلے نماز ادا کرنے کی سعادت سے محروم تھا لیکن الحمد للہ کہ اب نماز ادا کرتا ہوں۔ مجھ کو اس بارے میں بڑی پریشانی درپیش ہے میں جس بستی میں تعلیم پا رہا ہوں، وہاں کے لوگ دیوبندی حنفی ہیں اور میرے گاؤں کے لوگ اہل حدیث ہیں۔ اب اگر میں نماز اہل حدیث کے طریقے پر ادا کرتا ہوں تو بستی کے لوگ مجھے وہابی کہہ کر ستاتے ہیں اور جب حنفی طریقے پر پڑھتا ہوں تو گاؤں کے لوگ مقلد ہونے کا طعنہ دیتے ہیں۔ میں اس معاملے میں آپ کی رہنمائی چاہتا ہوں۔ سوال یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تو نماز ایک ہی طریقے سے پڑھی ہوگی، پھر مختلف فرقوں کے مختلف طریقوں کا اسلام میں کیا مقام ہے؟ میں معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ کون سا فرقہ آنحضرتؐ کے طریق پر نماز ادا کرتا ہے اور میں کس کے مسلک پر چلوں؟

جواب:- اہل حدیث، حنفی، مالکی، حنبلی اور شافعی حضرات جن جن طریقوں سے نماز پڑھتے ہیں، وہ سب طریقے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہیں اور ہر ایک نے معتبر روایات ہی سے ان کو لیا ہے۔ اسی بنا پر ان میں سے کسی گروہ کے اکابر علماء نے یہ نہیں کہا کہ ان کے طریقے کے سوا جو شخص کسی دوسرے طریقے پر نماز ادا کرتا ہے اس کی نماز نہیں ہوتی۔ یہ صرف بے علم لوگوں ہی کا کام ہے کہ وہ کسی شخص کو اپنے طریقے کے سوا دوسرے طریقے پر نماز پڑھتے دیکھ کر اسے ملامت کرتے ہیں۔ تحقیق یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف اوقات میں ان سب طریقوں سے نماز پڑھی ہے۔ اختلاف اگر ہے تو صرف اس امر میں کہ آپ عموماً کس طریقے پر عمل فرماتے تھے۔ جس گروہ کے نزدیک جو طریقہ آپ کا معمول بہ طریقہ ثابت ہوا اس نے وہی طریقہ اختیار کر لیا ہے۔ (رسائل و مسائل۔ جلد دوم)

تدفین سے پہلے ایصال ثواب

(حاجی فضل حسین - مانچسٹر)

(۱) آپ کو معلوم ہے کہ جہاں موت واقع ہو جائے، کے بعد جنتی جگہ رہے گی جب وارثوں کو وہاں تو نہیں کی جاتی۔ دوست احباب، رشتہ دار ماتم پرسی کے لیے آتے ہیں۔ ہمارے مولانا صاحب کہتے ہیں کہ میت کو دفن سے قبل ایصال ثواب فاتحہ وغیرہ کیا جا سکتا ہے جبکہ پاکستان، ہندوستان میں دفن سے قبل دعا فاتحہ نہیں کرتے ارشاد فرمائیے کہ کیا واقعی دفن سے قبل بھی ایصال ثواب کے لیے دعائے مغفرت کی جا سکتی ہے۔

جواب: نماز جنازہ میں بھی تو دعائے مغفرت ہوتی ہے اور نماز جنازہ سے قبل یا بعد میں میت کے لیے بالخصوص فاتحہ پڑھ سکتے ہیں یہ سب قبل دفن ہو سکتا ہے اور جائز ہے۔

جنس بازار نہیں کہ جب چاہا ہاٹ بازار سے خریدی اور استعمال کر لی۔ یہ تو وہ جوہر خاص ہے جو جزو خمیر ہوتا ہے اور ان، مادری تہذیب و تربیت والوں کا تو خمیر ہی اجنبی اور بیرونی ہے۔

مرتضیٰ بھٹو نے کھل کر کہا ہے کہ "میں نے ان (اپنی ماں اور بہنوں) کو اشارہ دے دیا ہے کہ وہ پاکستان سے نکلنے کی کوشش کریں مجھے امید ہے کہ موقع ملتے ہی وہ تینوں ملک سے فرار ہو جائیں گی اس کے بعد میں اپنا کام بلا جھجک کر سکوں گا۔" کونسا کام؟ وہی مینار پاکستان سے مزار قائد تک ہر چیز کو بھسم کر دینے کا ....! ہمارے خیال میں مرتضیٰ بھٹو کا یہ بیان ان کی ماں اور بہنوں کی سمت اور پاکستان میں نظر بندی کا جواز فراہم کرتا ہے کیونکہ اگر ان کی پاکستان میں موجودگی مرتضیٰ بھٹو کے خیال میں تمام پاکستانیوں کی جان بخشی کا وسیلہ ہوتی ہے تو حکومت پاکستان ان کو کسی نازک طوطے کی طرح پنجرے میں بند کیا جائے جس کو [illegible] کا حسن یا ہر پاکستانی جان کی سلامتی کے لیے انہیں قبضے میں زیر رکھنے کا اہتمام کیا کرتا ہے۔

مرتضیٰ بھٹو نے پیپلز پارٹی کے محب وطن لوگوں کو بھی اپنی حب الوطنی کے سودے کی دعوت دی ہے اور کہا ہے کہ جو لیڈر اور کارکن پاکستان سے فرار ہوں گے اور ہمارے ساتھ کام کرنا چاہیں گے (کونسا کام؟ وہی مینار پاکستان سے مزار قائد تک ہر چیز کو بھسم کر دینے کا) تو ہم انہیں کسی بھی مرحلے پر دربدر کی ٹھوکریں کھانے کے لیے نہیں چھوڑیں گے اور ان کی ہر طرح سے معاونت اور دلجوئی کریں گے۔ یعنی انہیں ان کی غداری کا اچھا معاوضہ ملے گا مگر مرتضیٰ بھٹو نے کسی پس و پیش کے بغیر یہ بھی بتا دیا کہ یہ معاوضہ شرکت اقتدار بہرحال نہیں ہو سکتا کیونکہ پارٹی کی قیادت میری ماں کے پاس ہے، بہن کے پاس ہے یا میرے پاس اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کیونکہ کسی بھی مناسب موقع پر میری ماں میرے حق میں پارٹی کی قیادت سے دستبردار ہو جائیں گی۔ یعنی پیپلز پارٹی کے لیڈر اور کارکن اپنی زندگیاں خطرے میں ڈال کر اپنا وطن چھوڑ کر اپنے پسماندگان کو عذاب میں مبتلا کر کے اپنے تمام مفادات تج کر اگر باہر جائیں گے بھی تو انہیں جمع خاطر رکھنی چاہیے کہ پارٹی میں جمہوری عمل کبھی بحال نہیں ہوگا۔ انہیں اپنی پارٹی قیادت خود منتخب کرنے کا موقع کبھی نہیں دیا جائے گا ان کا STATUS جاگیردار کے مظلوم ہاریوں ہی کا رہے گا۔ جاگیر کی طرح یعنی قیادت از خود ماں سے بیٹے کو منتقل ہو جائے گی۔ اس سر پھرے، خود سر اور جوش انتقام میں پاگل شہزادے کا تصور پاکستان کیا اب محض اپنی تاجداری کے خواب تک محدود ہو کر نہیں رہ گیا ہے؟

(روزنامہ جنگ کراچی)

ادب و ثقافت

جسم و جاں کا سفر

شہاب الدین شہاب

ایک ہی ساتھ ہے
لامکاں کا سفر
جسم و جاں کا سفر
ذات کی رنجشیں
ذات کی دستکیں
بیکراں ـــــ
گھور پہنائیاں

اور ــ لا منتہا تک !
اندھیروں میں ڈوبی ہوئی
کتنی گہرائیاں
روح میں گنگناتے ہوئے
آبشاروں کا دھیما ترنم
خلاؤں میں پرواز کرتی ہوئی
سورج کی دھجیاں
کتنی ان دیکھی دنیاؤں کی
غیر مانوس ، ناآشنا اجنبی
آہٹیں
رنگ و بو کے بیولے
سمٹتے ، بکھرتے ، ابھرتے ہوئے

جسم کی حدتیں !
جسم کی لذتیں !
جان کی ٹھنڈکیں
دائرہ ، دائرہ پھیلتی خواہشیں
سوچنے کا سفر
وقت کی قید سے ماورا

لامکاں کا سفر
ایک ہی ساتھ ہے
جسم و جاں کا سفر
لامکاں کا سفر

تازہ به تازہ نو به نو

"میری زمین میرا حوالہ"

[illegible]

آل احمد سرور کی آپ بیتی

[illegible]

[illegible]

بھارت میں مشاہیر اردو کی یادگاروں کا حال

سر سید کا مکان ناجائز قبضے میں

[illegible]

غالب کا مکان

[illegible]

مولوی نذیر احمد کا مکان

[illegible]

لاہور

[illegible]

تعارف کتب

انقلاب ایران
پس منظر و پیش منظر

کتاب ۔ اسلامک ریولیوشن ان ایران
مصنف ۔ [illegible]
مترجم ۔ [illegible]
ناشر ۔ OPEN PRESS LTD.
6 ENDSLEIGH STREET
LONDON WC1H 0DS
قیمت ۔ [illegible]

ایران میں ۱۹۷۹ء کے اسلامی انقلاب سے قبل ایران [illegible]

[illegible]

ایک شام

علامہ اقبال

(دریائے نیکر (ہائیڈل برگ) کے کنارے پر)

خاموش ہے چاندنی قمر کی — شاخیں ہیں خموش ہر شجر کی
وادی کے نوا فروش خاموش — کہسار کے سبز پوش خاموش
فطرت بے ہوش ہو گئی ہے — آغوش میں شب کے سو گئی ہے
کچھ ایسا سکوت کا فسوں ہے — نیکر کا خرام بھی سکوں ہے
تاروں کا خموش کارواں ہے — یہ قافلہ بے درا رواں ہے
خاموش ہیں کوہ و دشت و دریا — قدرت ہے مراقبے میں گویا

اے دل! تو بھی خموش ہو جا
آغوش میں غم کو لے کے سو جا

مختصر مختصر

اصل نام ۔ اورنگ زیب خان
قلمی نام ۔ قتیل شفائی
تاریخ پیدائش ۔ [illegible] ۱۹۱۹ء
مقام پیدائش ۔ [illegible]

[illegible]

قتیل شفائی کی ایک غزل

[illegible]

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

سعودی عربیہ میں مقیم ۲۱ سالہ پاکستانی لڑکے کے لیے رشتہ مطلوب ہے۔ لڑکے کا بھائی ٹورانٹو میں مقیم ہے۔ اس لیے کینیڈین امیگرنٹ لڑکی کا رشتہ قابل ترجیح ہوگا۔ تفصیلات کے لیے فون کیجیے:

(416)281-9864

پاکستان میں مقیم پنجابی خاندان کے گریجویٹ لڑکے کے لیے ۲۰ سال سے کم عمر لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ لڑکے کا سارا خاندان ٹورانٹو میں مقیم ہے اس لیے کینیڈین امیگرنٹ لڑکی کا رشتہ قابل ترجیح ہوگا۔ تفصیلات کیلیے خط لکھیے:

MRS. MOHAMMAD C/o Al-Hilal

نماز جمعہ

مسی ساگا اور اس کے آس پاس رہنے والے مسلمان بھائیوں کی سہولت کی خاطر نماز جمعہ کا انتظام ذیل کی جگہ پر کیا گیا ہے!

THE HURON PARK
RECREATION CENTRE
MOHAWK ROOM
2460 MAVIS STREET
MISSISSAUGA

برادران ملت سے درخواست ہے کہ اس انتظام سے خود بھی فائدہ اٹھائیں اور اپنے دوسرے بھائیوں کو بھی اطلاع دیں۔ مزید معلومات کے لیے حسن بنا و الفتح کو فون کیجیے!

823-6327

کراچی میں طلبہ اور پولیس کے درمیان تصادم، متعدد طلبہ و پولیس کے افراد زخمی

پولیس نے طلبہ کو منتشر کرنے کے لیے لاٹھی چارج کیا اور آنسو گیس استعمال کی

کراچی ——— آج یہاں سندھ میڈیکل کالج کے طلبہ اور پولیس کے درمیان خونریز تصادم کے دوران متعدد طلبہ اور پولیس کے کچھ افراد زخمی ہو گئے۔ [illegible]

آغا شاہی اہم مذاکرات کے لئے ۲۰ اپریل کو واشنگٹن پہنچیں گے

پاکستان کو جدید ہتھیاروں کی فروخت کا معاملہ زیر غور آنے کا امکان

اسلام آباد ——— پاکستان کے وزیر خارجہ مسٹر آغا شاہی امریکی وزیر خارجہ جنرل الیگزنڈر ہیگ کی دعوت پر ۲۰ اپریل کو واشنگٹن پہنچیں گے۔ [illegible]

کابل میں پاکستانی نوجوانوں کو چھاپہ مار سرگرمیوں کی تربیت دی جا رہی ہے

"تربیتی مرکز کے سربراہ مرتضیٰ اور شاہنواز بھٹو ہیں"

[illegible]

بھٹو کی دوسری برسی پر لوڈیرو میں ہنگامہ، ۱۱۰ افراد گرفتار

پولیس نے حملہ آور ہجوم کو منتشر کرنے کے لئے آنسو گیس چھوڑی

لاڑکانہ ——— سابق وزیر اعظم بھٹو کی دوسری برسی کے موقع پر ... ہزار افراد اور پولیس کے درمیان تصادم کے بعد پولیس نے ۱۱۰ افراد کو گرفتار کر لیا۔ [illegible]

تحریک جوابیٹ ڈاکوؤں کا گروہ

[illegible]

نفیس صدیقی بھی گرفتار کر لئے گئے

کراچی ——— [illegible]

سندھ کی طالب علم رہنماؤں کی گرفتاری

حیدر آباد ——— [illegible]

شاہد حامد

آکنلیک

ماؤنٹ بیٹن نے فسادات پر قابو پانے کے لئے برطانوی کمانڈر آکنلیک کو فوج استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی!

اجازت مل جاتی تو ۵ لاکھ افراد نہ مارے جاتے، نئی کتاب میں جنرل شاہد حامد کا انکشاف

کراچی ——— (پی پی آئی) بھارت کے آخری وائسرائے لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے تقسیم ہند کے موقع پر بھارت میں برطانوی فوج کے کمانڈر انچیف کو انسانی جانوں کو ضائع ہونے سے بچانے کے لیے فوج کے استعمال سے روک دیا تھا۔ [illegible]

ایران نے کرنل انتظامیہ کے ساتھ مذاکرات سے انکار کر دیا

نئی دہلی ——— (نامہ نگار خصوصی) ایران نے [illegible] کرنل انتظامیہ کے ساتھ مذاکرات سے انکار کر دیا ہے۔ [illegible]

قزاق ناصر جمال نے اپنی منگیتر کو بھی ملک سے باہر بھیجنے کا مطالبہ کیا تھا!

راولپنڈی ——— [illegible]

بدنام ڈاکو غیبا شاہ کو تختہ دار پر لٹکا دیا گیا!

[illegible] ... کو ۹ اپریل کی صبح پھانسی دی جائے گی۔

گروسری ۔ سبزیاں ۔ مصالحہ جات

تازہ حلال گوشت

بازار سے مقابلتاً سستے داموں ہم سے طلب فرمائیں

الفلاح

ALFLAH
GROCER
Tel. 762-1633

2783 Dundas St. West
Toronto, Ont.

غیر سودی تجارت

اسلامی لٹریچر کی طباعت و اشاعت میں سرمایہ لگائیے

معقول منافع

اجر و ثواب تا قیامت

KAZI PUBLICATIONS
1529 N Wells St., Chicago,
Ill. 60610, USA Tele: (312) 642-1291

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ ... جس کی پیشگی ادائگی ضروری ہے)

راتوں رات مرد اور پیر بن جانے والی لڑکی کی اب مَل بنگئی

مردانگی گئی ۔ شہرت گئی ۔ پیری گئی
دولت دینے والوں نے منہ موڑ لیا
موٹر کاریں در استقبال جلوس گئے

فاروق عبداللہ کو نیشنل کانفرنس کا صدر منتخب کر دیا گیا

بزنجو کو سندھ سے نکال دیا

سکھ یاتریوں کی تعداد میں اضافہ

بھارت ایک وراثتی دعویٰ کرے گا ۔ اندرا



ایک ۔ دویچے کا نیا کرشمی ۔ فوٹو

پاکستان نے زمبابوے کو ۸ گول سے ہرا کر ٹیسٹ سیریز جیت لی

مستقبل کا ایک اُبھرتا ہوا بل فائٹر!

حلال کباب ہاؤس کا افتتاح

۱۹ مارچ سے ہو گیا ہے

ہماری لذیذ ترین ورائیٹیز: چکن تکہ ٭ سیخ کباب
شامی کباب ٭ کوفتہ کباب ٭ شیش کباب ٭

(ایک بار ضرور آزمائیے)

منزل

بہترین مٹھائیاں: موتی چور لڈو ۔ برفیاں ۔ حبشی حلوہ (اسپیشل) ۔ رس گلے
رس ملائی ۔ حلوہ سوہن (اسپیشل) اور دوسری مٹھائیاں ۔

لذیذ کھانے: تندوری نان ۔ کباب ۔ تندوری چکن ۔ سموسے ۔ پراٹھے ہر وقت
تیار ملتے ہیں ۔ اسپیشل بریانی ہر وقت کے لئے ۔

شادی بیاہ اور دیگر تقریبات کے لئے ہمارے ہاں تشریف لائیے
اور ہماری بہترین خدمات سے فائدہ اٹھائیے

MANZIL
RESTAURANT

Sweets & Snacks

1431 GERRARD ST. EAST, TORONTO

Tel. 466-5824

سنسرشپ کے خاتمے ضابطہ اخلاق کے نفاذ اور پریس بنچ کی تشکیل کے لیے حکومت سے مذاکرات کیے جائیں

انجمن مدیران جرائد کے سالانہ اجلاس کی متفقہ قرارداد۔ سب ترامیم حکومت سے بامعنی مذاکرات کا انعقاد ۔ جنرل سیکرٹری کی رپورٹ

زیڈ اے سلہری کو صدر اور انقلاب ماتری کو سیکرٹری منتخب کر لیا گیا

ضمیریات

ہم جنرلوں سے جو لوگ یاری کریں — شغل کو اپنے کچھ اور پیاری کریں
کیوں وسائل مسائل شماری کریں — آج کیوں اس قدر زنگاری کریں
جی یہ کرتا ہے اخبار جاری کریں — عشق کرتا ہے تو اشتہاری کریں
اب ستے تاب تو ناصبر ہوئی — آئیے کچھ نئی نابکاری کریں!
تم مجھے دوش دو میں تمہیں دوش دوں — بس یہی مشغلہ باری باری کریں
نصف روداد تم دل میں رہ جائیگی — بات اگر آن سے انگلش میں جاری کریں
آج تو ہیں دو بٹن کی صفیں بھی مگر — پہلے ہم اپنی خود "استواری" کریں
خوب تھا جلسہ بزم اقوام بھی — تم ہماری کرو ہم تمہاری کریں

فن جوالا کی قدر آوری کے لئے
عمر شماری کریں، تم بگاری کریں!

—— سید ضمیر جعفری



عورتوں کو بدکاری کے لئے مشرق وسطیٰ لے جانے والے گروہ کا انکشاف

راولپنڈی ۔۔۔ ایف آئی اے نے ایک ایسے گروہ کا سراغ لگایا ہے ...

نسلی امتیاز موجودہ دور کا سب سے اندوہناک مسئلہ ہے

ادیب عثمانی

اقوام متحدہ مسلسل نسلی امتیاز کیخلاف جدوجہد میں مصروف ہے اور تمام دنیا اس طریقۂ کار کے خلاف ہے مگر مغربی دنیا کی حمایت کے باعث جنوبی افریقہ میں اس مذموم طریقۂ کار پر عمل ہو رہا ہے

نقطہ کے بعد نقطۂ نظر

افسانہ

بیگم اعجاز احمد فاروقی

[illegible]

ابیات

عزیز جبران انصاری

بتائیں آپ کو کیا کس نگر میں رہتے ہیں
خزاں بدوش بہاروں کے گھر میں رہتے ہیں
ہماری دیدہ وری خوب ہے کہ ہم اب تک
تعلقات کے اسیر گھر میں رہتے ہیں
خیال اپنے ہیں یادیں نہ خواب جیسے اپنے
یقین کیسے کریں اپنے گھر میں رہتے ہیں

نئی غزل

ابوالمظفر

زخم خنداں کہکشاں در کہکشاں بکھرا ہوا
اپنا غم ہے داستاں در داستاں بکھرا ہوا

دیکھیے تعبیر کیا ہو سوچ کر لرزاں ہے دل
خواب میں دیکھا گیا ہے آشیاں بکھرا ہوا

رات بھر آئے نظر کیا کیا مناظر دل نشیں
نیند کے ماتے اٹھے تو تھا سماں بکھرا ہوا

ہم لہو سے کر کے اٹھے ہی تھے تزئین چمن
مڑ کے دیکھا گلستاں کا گلستاں بکھرا ہوا

نالۂ پرسوز ہے اے ہم نفس بانگ جرس
ہم سفر بکھرے ہوئے ہیں کارواں بکھرا ہوا

کون ہے جو دے سکے منزل رسی تک اپنا ساتھ
زادِ رہ بکھری ہوئی عزم جواں بکھرا ہوا

غم گسار و ہم شکستِ دل کا عالم کیا کہیں
دیکھیے ہیں ایک عالم ہی یہاں بکھرا ہوا

شاخ گل سے آشیاں تک ہے قفس اندر قفس
حسرت پرواز کا سارا جہاں بکھرا ہوا

دل ہی پتھر ہو گیا اب دل میں کیا اترے گی بات
گفتگو الجھی ہوئی حرفِ بیاں بکھرا ہوا

اب وہ عزم آبلہ پائی کہاں سے لائیں ہم
رہروانِ شوق کا ہے کارواں بکھرا ہوا

کون دیکھے کس سے دیکھا جائے ہے اہل چمن
برق کی زد پر نظام آشیاں بکھرا ہوا

جہیز کی قربان گاہ پر — ایک بھارتی خاتون کی دردناک موت

[illegible]

جہیز نہ لانے پر ۵ لڑکیوں کو زندہ جلا دیا

[illegible]

[illegible]

بے نماز کے لیے حکم

- جو شخص بے نماز ہو ... [illegible] — الترغیب
- ... [illegible] — الحدیث
- بے نمازی کی عمر میں برکت نہ ہوگی۔ — الحدیث
- ... بے نمازی کے چہرے سے ... [illegible] — الحدیث
- بے نماز کو کسی ... ثواب نہ ملے گا۔ — الحدیث
- بے نماز جب مرے گا تو ذلیل ہو کر مرے گا۔ — الحدیث
- بے نمازی کی ... قبول نہیں ہوگی۔ — الحدیث
- [illegible] — الحدیث
- [illegible] — الحدیث

fortnightly
al-Hilal

VOL.10,NO.3 50¢
APRIL 20, 1981
Phone: 424-1989, 493-4374

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ont.
Canada M2H 2P6

زیبا فرزانہ محمد علی
کو گھر سے کھانا بھیجتی ہیں
شوہر سے ملاقات کی اجازت

لاہور — [illegible]

تشدد کے ذریعے اقتدار پر قبضہ کرنے کے لیے مرتضیٰ بھٹو کے منصوبے کا انکشاف

مرتضیٰ اور اس کے ساتھیوں کی فوج الذوالفقار، النصرت، المرتضیٰ، پختون بریگیڈ، سندھ بریگیڈ، بلوچ بریگیڈ اور پنجاب بریگیڈ کے نام سے خصوصی تنظیم شامل ہے

خصوصی دستے ماسکو، کابل اور دیگر علاقوں میں
دہشت گردی کی تربیت حاصل کرتے ہیں

[illegible]

[illegible]

مبالغہ آمیز بلوں کے ذریعے وصول کیے جانے والے ۳۰ لاکھ روپے

[illegible]

روس نے بھارتی فوج کو جدید ترین اسلحہ سے لیس کر دیا

مختصر عرصے میں مسلح افواج کی باورکی گنا بڑھ گئی، وجینتا ٹینک کی حملہ کرنے کی صلاحیت میں بھی زبردست اضافہ

[illegible]

بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان

پندرہ روزہ

الہلال

ٹورنٹو کینیڈا

- سالانہ زرِ خریداری برائے "الہلال": دس ڈالر
- سالانہ زرِ خریداری برائے "کریسنٹ": دس ڈالر
- سالانہ زرِ خریداری برائے الہلال و کریسنٹ: سترہ ڈالر

کوپن خریداری

Name ....

Address ....

....

Postal Code ....

Telephone No. ....

زرِ خریداری کا چیک "کریسنٹ" کے نام لکھیے اور ذیل کے پتہ پر بھیجیے۔

338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6

اگر آپ اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی) بطور نمونہ حاصل کرنا چاہیں تو یہاں نشان لگا دیجیے ☐

پی آئی اے کے کارکنوں کے علاقے کی ملی بھگت سے بڑے پیمانے پر ایئرپورٹ ٹیکس کے جعلی اسٹیکرز کا استعمال

پی آئی اے کے اہلکاروں کے خلاف کارروائی شروع ہوئی تو ایک لطیفہ بن گیا

[illegible]

ملک میں مارشل لا کے خاتمے اور عام انتخابات کرانے کا مطالبہ

پاکستان ہیومن رائٹس سوسائٹی کے اجتماع میں وکلاء کی تقریریں

[illegible]